THE
SENATE OF PAKISTAN
DEBATES

OFFICIAL REPORT

Wednesday, April 15, 2015
(114th Session)
Volume V, No.04
(Nos. 01-07)

Printed and Published by the Senate Secretariat, Islamabad.

Volume V	SP. V(04)/2015
No.04	15

CONTENTS

1. Recitation from the Holy Quran 1
2. Fateha Offered for Deceased Senator Mohammad Azam Khan Hoti 1
3. Resolution: On the Sad Demise of Senator Mohammad Azam Khan Hoti . 2
4. Condolence Remarks by colleague senators 3
   - Senator Ilyas Ahmad Bilour 3
   - Senator Col. (R) Syed Tahir Hussain Mashhadi 4
   - Senator Farhatullah Babar 5
   - Senator Ahmed Hassan 6
   - Senator Khushbakht Shujat 8
   - Senator Syed Muzafar Hussain Shah 9
   - Mr. Akram Khan Durrani, Minister for Housing and Works 9
   - Senator Lt. Gen. (R) Salahuddin Tirmizi 11
   - Senator Raja Muhammad Zafar-ul-Haq, Leader of the House 11
5. Condolence Remarks by the Chairman 13

SENATE OF PAKISTAN
SENATE DEBATES

Wednesday, April 15, 2015

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad, at fifteen minutes past ten in the morning with Mr. Chairman (Mian Raza Rabbani) in the Chair.

Recitation from the Holy Quran

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ۔ اَللّٰهُ الصَّمَدُ۔ لَمْ یَلِدْ ۙ وَلَمْ یُوْلَدْ۔ وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ۔

ترجمہ:(اے نبی) کہہ دو کہ وہ اللہ ایک ہے۔ اللہ بے نیاز ہے۔ اس سے کوئی پیدا نہیں ہوااور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا۔ کوئی اس کا ہمسر نہیں۔

(سورۃ اخلاص۔ آیات 1تا4)

Fateha Offered for Deceased Senator Mohammad Azam Khan Hoti

جناب چیئرمین: بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ مجھے نہایت افسوس کے ساتھ یہ اعلان کرنا پڑ رہا ہے کہ سینیٹر جناب اعظم ہوتی صاحب کا رات کو انتقال ہو گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت کرے۔ آج پارلیمانی روایت کے تحت ہاؤس میں پہلے فاتحہ ہو گی اور اس کے بعد ان کے لیے resolution پیش کی جائے گی۔ اگر پارلیمانی لیڈر یا کوئی اور پانچ پانچ منٹ ان کے لیے گفتگو کرنا چاہیں تو کر سکتے ہیں۔ دس یا پندرہ منٹ کے وقفے کے بعد ہاؤس کو ان کی یاد میں اور پارلیمانی traditions کو مدنظر رکھتے ہوئے آج کے لیے adjourn کر دیا جائے گا۔ Adjournment سے پہلے میں آپ سے کل کے لیے مشورہ کر لوں گا کہ کل ہاؤس کس طرح چلے گا۔ اس سے پہلے کہ فاتحہ پڑھی جائے، The questions which were fixed for today are deferred for the next rota day.

ڈپٹی چیئرمین صاحب فاتحہ پڑھ دیجیے۔

(اس موقع پر ہاؤس میں فاتحہ پڑھی گئی)

Resolution: On the Sad Demise of Senator Mohammad Azam Khan Hoti

جناب چیئرمین: Leader of the House نہیں ہیں تو اقبال ظفر جھگڑا صاحب resolution پڑھ دیں۔

سینیٹر اقبال ظفر جھگڑا: اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔

آج اعظم خان ہوتی صاحب کی وفات کے بعد سینیٹ میں یہ resolution adopt کیا جا رہا ہے۔

"This House expresses its profound grief and shock on the sad demise of Senator Muhammad Azam Khan Hoti. He was born on the 27th of April, 1946 in a respectable and renowned political family of Mardan. He was born in a house of great follower of Bacha Khan. He received his early education in Risalpur and later studied at the Aitchison College, Lahore. He graduated from the Degree College, Nowshera. After his graduation he got commission in the Pakistan Army in 1967 and also took part in the 1971 Indo-Pak war. His passion to ameliorate the quality of life of the people of his area led him to join the National Awami Party (NAP) in 1972. He served the National Awami Party and later the Awami National Party (ANP) after NAP was banned. He was twice elected as MNA from Mardan in 1990 and 1997 on ANP's ticket and twice made the Federal Minister for Communications in 1991 and 1997. He remained Member Senate of Pakistan from 1994 to 1997 and from 2012 till his death today. He remained member of different Senate Standing Committees. He

made useful contribution to the discussions in the Senate and the National Assembly. His death will be deeply mourned and we all share the loss sustained by his family and friends. Services rendered by him would be long remembered. We pray to Almighty ALLAH to shower His infinite blessings on the departed soul. May his soul rest in peace and may God give his family strength and fortitude to bear this irreparable loss. Today's sitting of the Senate may be adjourned in memory of the late Muhammad Azam Khan Hoti without transacting any other business".

Thank you very much.

Mr. Chairman: The resolution as moved by Senator Iqbal Zafar Jhagra is adopted by the House and a copy of the same may be forwarded to the bereaved family. I would now call upon Senator Ilyas Ahmed Bilour to say few words in honour and in memory of the late Senator.

Condolence Remarks by colleague senators

Senator Ilyas Ahmad Bilour

سینیٹر الیاس احمد بلور: شکریہ۔ جناب چیئر مین! وہ ایک اچھے انسان تھے اور انہوں نے پارٹی کی بہت خدمت کی۔ NAP کے ممبر تھے، میں نے 1971 میں اور انہوں نے 1972 میں NAP کو join کیا۔ ان کی NAP کے ساتھ بڑی وابستگی تھی۔ ان کی اور ان کے والد صاحب، دونوں کو اللہ تعالیٰ اپنے حبیب کے صدقے جنت نصیب کرے، انہوں نے پارٹی کے لیے بہت محنت کی، مرحوم میرے ساتھ دو مرتبہ سینیٹر elect ہوئے، 1993-94 میں اور 2012 میں بھی ہم اکٹھے ہی elect ہوئے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس شخص کی بڑی قربانیاں ہیں، اس نے بہت محنت کی ہے اور بہت مار کھائی ہے۔ بہت اچھا آدمی تھا۔ اللہ تبارک وتعالیٰ ان کے بیٹے کو صبر عطا فرمائے جو آجکل MNA ہیں اور Chief Minister بھی رہ چکے ہیں۔ آپ نے Council of Common Interests کی کتاب دی ہے، اس میں ان کی کافی contributions ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کی family کو اچھا کرے

اور اپنے حبیب کے صدقے صبر عطا کرے۔اللہ تعالیٰ بہت رحیم اور کریم ہیں، انہیں جنت الفردوس نصیب کرے۔میں سمجھتا ہوں کہ it is a great loss for our party and we really admire his services and what I can say, I can't say much more about him. He was a very great and nice person. He was a brother-in-law of Asfandyar Khan and he was brother-in-law of Abdul Wali Khan also. Different kind of nature. اسفندیار خان کی بہن ان کے گھر ہے اور ولی خان کی دوسری بیوی بھی ان کی سگی بہن ہیں۔ بہت پیار کرنے والا ساتھی تھا۔ اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت کرے اور ان کا ہر قدم جنت میں جائے۔اللہ تعالیٰ ان کے ساتھ ساتھ ہم سب لوگوں کے صغیرہ کبیرہ گناہ معاف کرے۔ Thank you very much sir.

Mr. Chairman: Senator Col. (R) Syed Tahir Hussain Mashhadi.

Senator Col. (R) Syed Tahir Hussain Mashhadi

Senator Col. (R) Syed Tahir Hussain Mashhadi: Thank you very much Mr. Chairman. It is indeed a sad day today when we mourn the death of one of our colleagues, Senator Muhammad Azam Khan Hoti. He was born in a very illustrious political family of Khyber Pakhtunkhwa. A family which has served this great nation of ours with great sacrifices for the common goal to bring the democratic order in the country. Senator Hoti in his life was a gallant soldier. He served his nation on a battle field with honour and dignity. He then served in the National Assembly of Pakistan and the Senate. He was a person with a great love for the people of this area, a person who is respected in his own right as a very humane person with great humanity and great love for the people of the country as a whole, especially the people of his home town Mardan. We mourn his death, Motahida Qaumi Movement recognize his great services to the democracy and we condole with the bereaved family. I pray to Almighty ALLAH to grant his family the strength to bear this irreparable loss with fortitude and may Almighty ALLAH rest the departed

soul in eternal peace. He was not only a very respected colleague, a good legislator and a great parliamentarian. He was a wounderful human being and he will be remembered in this House for all the services and for his humanity. His graciousness and a dignity all his own. Thank you Mr. Chairman.

Mr. Chairman: Thank you. Senator Farhatullah Babar.

Senator Farhatullah Babar

Senator Farhatullah Babar: Thank you, Mr. Chairman! I also join my honourable colleagues in expressing my profound grief over the passing away of dear colleague in this House, Azam Hoti *Sahib.* He belonged to an illustrious political family of the province to which I belong and whenever his name will be mentioned, the names of Bacha Khan and Wali Khan will also come readily to minds.

I had personal associations with Azam Hoti. I did not work directly with him but I saw him when he was Minister, when he was MNA, when he was Senator. He was a remarkable man in many ways. He saw the rough and tumble of life and a man of great courage. He endured all the vicissitudes that come into ones life. He endured them with the courage which is very rare. He passed through some traumatic moments in life also and when I met him in those traumatic moments of his life, I found that he possessed the grace, the dignity and the formality of a person who is undeterred by the rise and fall of personal fortunes. It is a measure of the political standing of the family of Azam Hoti that his son became the Chief Executive, the Chief Minister of a province and probably, he was the youngest Chief Minister that our province has seen.

I remember the conversation I had with him when Bacha Khan had died. Then, as newspaper editor, I had also participated in the funeral of Bacha Khan in Jalalabad. I recall

the great respect and affection he had for the peers of his political party.

Mr. Chairman, this life as we all know is unsubstantial and unreal. Everyone who comes into this world, must one day depart from this unsubstantial world. Azam Hoti also departed from this world as everyone of us will have to one day. It is my sincere prayer that may Allah rest his soul in eternal peace and grant courage to his family and to his son, Haider Hoti to bear the loss with great fortitude and courage. I will never forget the moment when Azam Hoti was passing through at difficult time and I met his son, Haider Hoti and he told me that

بابر صاحب! دعا کریں کہ کوئی اس آزمائش میں سے نہ گزرے جس آزمائش سے ہم گزر رہے ہیں۔ With that one sentence, he demonstrated the humility which is so rare these days. میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت کرے اور تمام پسماندگان کو صبرِ جمیل دے۔

This is a loss of the Senate, this is a loss of the area to which he belonged, this is a loss of our province and this is a loss of the party, the ANP, to which he belonged. Thank you very much Mr. Chairman.

Mr. Chairman: Senator Ahmed Hassan.

Senator Ahmed Hassan

سینیٹر احمد حسن: شکریہ جنابِ چیئرمین۔ اعظم خان ہوتی کو مرحوم کہنا کچھ عجیب لگتا ہے۔ وہ ایک سدا بہار شخصیت تھے، بڑے خوش مزاج تھے اور انتہائی ہنس مکھ انسان تھے۔ ان کا بات کرنے کا، سوال کرنے کا اور جواب دینے کا اپنا ایک انداز ہوتا تھا۔ وہ اپنے سوال میں مزید کچھ اس قسم کی گہرائی پیدا کر دیتے کہ انسان سوچنے پر مجبور ہو جاتا تھا کہ اس کے بعد یہ کیا کہیں گے۔ یہ باتیں میں اس لیے کہہ رہا ہوں کہ میرے ان کے ساتھ انتہائی دیرینہ ذاتی مراسم رہے ہیں۔

مجھے یاد ہے، میں قومی اسمبلی میں اپوزیشن میں بی بی شہید کے زیرِ سایہ ممبر تھا اور مرحوم مواصلات کے وفاقی وزیر تھے۔ ایک دن میرے اور ان کے درمیان ایک بات پر سخت تلخ کلامی ہو گئی۔

آپ کو یاد ہے جناب چیئرمین! اس زمانے میں اپوزیشن اور حکومت میں مراسم خراب نہیں ہوا کرتے تھے بلکہ دشمنیاں ہوا کرتی تھیں۔ اب حالات ماشاء اللہ، بہتر ہو گئے ہیں اور انشاء اللہ، مزید بہتر ہوتے جائیں گے۔ اجلاس کے بعد لابی سے گزرتے ہوئے انہوں نے مجھے ہاتھ سے پکڑا اور مجھ سے کہا، برخوردار! جذباتی ہونا کوئی اچھی بات نہیں ہے۔ میں نے معذرت کی اور انہوں نے مجھے چوم لیا اور کہا تم نے اپنا حق ادا کر دیا جبکہ میں نے اپنا حق ادا کر دیا، ہمارے درمیان سابقہ پیار اس کے بعد قائم و دائم رہے گا۔ یہ واقعہ ان کی نرم دلی کی مثال تھی۔ وہ ایک سمندر جیسا دل رکھنے والے انسان تھے۔ ایک بڑے سیاسی خاندان کے چشم و چراغ تھے۔ پختونوں اور پاکستانی قوم بلکہ برصغیر کے مشہور قدردان خاندان کے ساتھ ان کے انتہائی گہرے رشتے اور مراسم تھے۔ حکومت چلانے کے سلسلے میں اس وقت کے صوبہ سرحد اور آج کے خیبر پختونخوا کی سیاست میں ان کا ایک انتہائی اہم کردار رہا ہے۔

جناب چیئرمین! صبح جب میں نے سنا کہ وہ وفات پا گئے ہیں تو میں پریشان ہوا اور مجھے عجیب سا لگا جیسا کہ میں نے تفصیل بتائی لیکن بات یہ ہے کہ اس راستے پر سب نے چلنا ہے۔ اس میں کوئی نمبر مقرر نہیں ہے۔ اس میں کوئی بعد میں آتا ہے لیکن بہت پہلے چلا جاتا ہے۔ کوئی ایسا بھی ہوتا ہے جسے اللہ تبارک وتعالیٰ طویل عمر عطا فرماتے ہیں لیکن عمر کی ایک دن تکمیل ہوتی ہے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ نے قرآن مجید میں فرمایا ہے کہ اس وقت میں تاخیر ہو گی اور نہ کوئی تدبیر کام آئے گی۔ اسی قدرتی اصول کے تحت، ہم سے ہمارے دیگر پیاروں کی طرح وہ جدا ہو گئے ہیں۔ خیبر پختونخوا کے پختونوں کو اور اس صوبے کے حقوق حاصل کرنے کے cause کو ایک بہت بڑا دھچکا لگا ہے۔ ہمیں ان کی کمی کو پورا کرنے کے لیے سخت جدوجہد اور جستجو کرنا ہو گی، تب ہم ان کی کمی کا کچھ ازالہ کر سکیں گے۔

اس موقع پر ہم دعا گو ہیں کہ اللہ تبارک وتعالیٰ ان کو اپنی جوارِ رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور ان کے خاندان کو صبر عطا فرمائے۔ میں ان کے بیٹے کے بارے میں بہت فکر مند تھا کہ ناتجربہ کاری اور کم عمری کے باعث، اس کے کندھوں پر بہت بڑا بوجھ اور ذمہ داری ڈالی گئی ہے لیکن جس خوبصورت انداز سے اس نے انتظامی امور چلائے، اپنے اور پرائے سے پیار کیا، یہ باپ کی شفقت اور پرورش کا نتیجہ تھا۔ ان کے خاندان کو اللہ تعالیٰ صبر عطا فرمائے، تمام دوستوں کو صبر عطا فرمائے اور مرحوم کی مغفرت فرمائے۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ سینیٹر خوش بخت شجاعت۔

Senator Khushbakht Shujat

سینیٹر خوش بخت شجاعت: بہت شکریہ چیئرمین صاحب۔ محمد اعظم خان ہوتی صاحب سے میرا کوئی معاصرانہ تھا اور نہ میری کوئی ان سے اتنی ذاتی واقفیت تھی البتہ ایک پاکستانی شہری ہونے کی حیثیت سے میں ان کے زندگی کے حالات سے ضرور واقف تھی۔ میں یہ ضرور جانتی تھی کہ وہ باچا خان کی تربیت کو لے کر آگے چل رہے ہیں۔ آج اس موقع پر گفتگو کرنے کے لیے جو میں نے آپ سے اجازت مانگی ہے، وہ میرا ان کے ساتھ کوئی ڈیڑھ پونے دو گھنٹے کا ایک سفر تھا جو میں سمجھتی ہوں کہ اس وقت کی گفتگو میں مجھ پر قرض ہے۔ وہ قرض میں اس طرح چکانا چاہتی ہوں کہ میں یہ ضرور بتاؤں کہ نبی کریم ﷺ کا قولِ مبارک ہے کہ اگر کسی شخص کو پہچاننا ہو تو اس کے ساتھ سفر کر لیا جائے۔ اعظم خان ہوتی صاحب بہت بڑی شخصیت کے مالک تھے۔ مجھے ان کے ساتھ سفر کرنے کا ایک موقع ملا۔ جس شفقت سے انہوں نے مجھ سے گفتگو فرمائی، جس خوش مذاجی سے انہوں نے اس سفر کے دوران مجھ سے باتیں کیں، ان کو politics میں قدم رکھے ہوئے نصف صدی سے زیادہ کا عرصہ گزر چکا تھا۔ میرا ایک decade ہوا ہے کہ سفر شروع کیا ہے۔ جس محبت سے انہوں نے مجھے welcome کیا، جس طرح انہوں نے مجھے politics کے بارے میں بتایا اور جو میری ان سے گفتگو ہوئی اس سے مجھے حضرت علی کا قول مبارک یاد آیا کہ "کلام کرو تاکہ پہچانے جاؤ"۔ انسان اپنی گفتگو، رویے اور اخلاق سے پہچانا بھی جاتا ہے اور یاد بھی رکھا جاتا ہے۔ اعظم خان ہوتی صاحب ایک بہت مضبوط سیاستدان، باوقار شخصیت اور اعلیٰ منصب پر فائز رہے اور ان کا پورا خاندان ''ایں خانہ ہمہ آفتاب است'' کی مثال ہے لیکن آج سینیٹ میں ایک ایسی شخصیت پر بات ہو رہی ہے جو اس دار فانی سے کوچ کر گئے ہیں۔ میں سمجھتی ہوں کہ میری زندگی میں وہ ڈیڑھ، پونے دو گھنٹے کا سفر بہت اہمیت اختیار کر گیا اور آج جب میں نے یہ خبر سنی تو میں نے سوچا کہ اللہ تعالیٰ کبھی کبھار انسان سے آپ کو ملاتا ہے ضروری نہیں ہے کہ آپ نے اس کے ساتھ برسہا برس گزارے ہوں، ضروری نہیں ہے کہ آپ کا اس سے بہت زیادہ ساتھ رہا ہو لیکن کبھی کسی سے تھوڑے وقت کی ملاقات بھی آپ کے ذہن اور دل پر بہت بڑے نقوش ثبت کر دیتی ہیں۔ ایسے ہی نقوش اعظم خان ہوتی کے میرے بھی ذہن پر ثبت ہیں اور میں نے یہ مناسب سمجھا کہ میں آج یہاں پر ضرور یہ اظہار کروں کہ وہ ایک بہت اعلیٰ، شفیق، محبت کرنے والے اور بہت عظیم انسان تھے۔ وہ اپنے

چھوٹوں سے بہت شفقت و محبت سے ملتے تھے اور ان کو کوئی بات بتانے اور نصیحت کرنے میں وہ ذرا سی دیر بھی نہیں لگاتے تھے۔

میں دعا کرتی ہوں کہ اللہ تعالیٰ ان کے درجات اعلیٰ کریں، ان کو جنت الفردوس میں جگہ دے اور ان کے مناصب جلیلہ کو ارفع و اعلیٰ کرے۔ (آمین)

Thank you very much.

جناب چیئرمین: شکریہ۔ سینیٹر سید مظفر حسین شاہ صاحب۔

Senator Syed Muzafar Hussain Shah

Senator Syed Muzafar Hussain Shah: Sir, I would also like to express my deep sense of grief and sorrow at the passing away of Senator Hoti. He belonged to a very distinguished family of Mardan, the family of Bacha Khan. He remained a Member of Parliament. He was a Member of the Senate and his passing away will cause a big vacuum both in the Khyber Pakhtunkhwa as well as the national scene. He had held some of the most important public offices including that of the Minister for Communications and Member of Parliament and his contribution will always be looked upon as some one who had played a pivotal role in democracy and in the political affairs of Pakistan. I would like to join my colleagues in expressing my deep sense of sorrow and grief to the bereaved family. May Allah grant them the strength to be able to bear this irreparable loss? Thank you very much sir.

جناب چیئرمین: شکریہ۔ فاضل وزیر مکانات و تعمیرات۔

Mr. Akram Khan Durrani, Minister for Housing and Works

جناب اکرم خان درانی (وفاقی وزیر برائے مکانات و تعمیرات): جناب چیئرمین صاحب! آپ کا بہت بہت شکریہ۔ آج انتہائی افسوسناک دن ہے اور ہمارے سینیٹ کے انتہائی معزز رکن وفات پا گئے ہیں جو ایک ایسی فیملی سے تعلق رکھتے تھے جسے ہمارے پختونوں میں بڑی عزت کی نظر سے دیکھا جاتا ہے اور اس نے اپنی زندگی میں بھرپور جدوجہد کی۔ ایک سیاسی ورکر کی حیثیت سے اپنی پارٹی میں شمولیت اختیار کی۔ پھر سیاسی جدوجہد میں اس نے جو تکلیفیں اور مصیبتیں اٹھائیں اور خندہ پیشانی کا

مظاہرہ کیا۔ اس نے پوری زندگی محنت اور کاوش کی اور جمہوریت کی آزادی کے لیے اس کی، اس کی جماعت اور خاندان کی قربانیاں کسی سے ڈھکی چھپی نہیں ہیں۔ وہ ہشاش بشاش، ملنسار اور شفیق انسان تھے اور ہمیشہ ان کی پیشانی پر مسکراہٹ رہتی تھی۔ دو بار MNA اور دو بار سینیٹ کا رکن بننے کا اعزاز بہت کم لوگوں کو نصیب ہوتا ہے۔ ان کی موت صرف ان کے گھر کے لیے نہیں ہے بلکہ پورے پاکستان، خیبر پختونخوا، سیاسی اور جمہوری پارٹیوں کے لیے بہت بڑا نقصان ہے۔ وہ 1992 میں مواصلات کے وزیر تھے، میں اس وقت MPA تھا، میاں محمد نواز شریف صاحب وزیر اعظم تھے، میر افضل خان صاحب اس وقت ہمارے Chief Minister تھے۔ میاں محمد نواز شریف صاحب نے مہربانی کی اور لاہور تا اسلام آباد موٹروے کے بعد اسلام آباد تا پشاور موٹروے پر بھی کام شروع ہوا۔ ان کو ہدایت دی گئی کہ آپ وہاں پر جاکر Chief Minister اور ممبران اسمبلی کو مکمل بریفنگ دیں اور ان سے معلوم کریں کہ وہ کس طریقے سے چاہتے ہیں کہ یہ موٹروے بنے تاکہ اس کی افادیت پورے صوبے کے لیے ہو۔ میر افضل خان صاحب نے ہم میں سے چند ممبروں سے کہا کہ آپ اس کو study کر لیں اور جب وہ آئیں تو آپ ان کے ساتھ گفت و شنید اور سوالات کریں۔ میں بھی ایک ممبر کی حیثیت سے موجود تھا، یقین جانیے کہ جب وہ پشاور آئے تو سیکرٹری مواصلات، چیئرمین نیشنل ہائی ویز اتھارٹی اور ان کے لوگ بھی ان کے ساتھ تھے۔ انہوں نے بریفنگ دی اور ہم نے اپنے اپنے اضلاع کے حوالے سے سوالات شروع کیے اور پوچھا کہ کون کون سے علاقے اس سے مستفید ہوں گے تو اس نے کہا کہ میں خود ابھی بتا رہا ہوں۔ اس نے Chairman, NHA and Secretary Communications کو منع کیا اور جب وہ خود بریفنگ دینے لگے تو یقین جانیے کہ اس کو ایک ایک گاؤں اور ایک ایک ضلع معلوم تھا۔ جس طریقے سے اس نے ہمیں مطمئن کیا، آج آپ اس کی افادیت دیکھ رہے ہیں۔ آپ جب اسلام آباد سے پشاور جاتے ہیں تو ہر ایک شہر جو اس زون میں آتا ہے، یہ اس کے لیے ایک آسان سفر کا بہترین ذریعہ ہے۔ اس پر ہم وزیر اعظم صاحب کے بھی مشکور ہیں کہ انہوں نے لاہور سے پشاور تک موٹروے بنایا اور اب پورے خیبر پختونخوا میں مزید موٹروے بنانے کا پروگرام ہے۔ آج کا دن ایک افسوسناک دن ہے، ہم دعا کرتے ہیں کہ اللہ ان کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائیں۔ اس غم میں بشمول آپ، سینیٹ کے ادارے، قومی اسمبلی اور جتنے بھی اراکین ہیں، برابر کے شریک ہیں اور ہم اسی حوالے سے ایک بار پھر

اللہ کے حضور میں یہی درخواست کریں گے کہ ان کی قبر کو جنت کا باغیچہ بنائیں اور ان کی وہاں کی زندگی کو آسان بنائیں۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ سینیٹر صلاح الدین ترمزی صاحب۔

Mr. Chairman: General (R) Salahuddin Tirmizi.

Senator Lt. Gen. (R) Salahuddin Tirmizi

Senator Lt. Gen. (R) Salahuddin Tirmizi: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ Thank you very much Mr. Chairman. Today I speak for my friend Azam Khan Hoti on his sad demise. Our association that is spread to almost half a century when he joined as a young officer, 13 Lancers regiment of the Pakistan Army and I also belong to the same branch. I saw him as a soldier and later I saw him as a politician, as a federal minister, as a member of the Parliament and a Senator. He excelled as a soldier on the battle field and he excelled as a politician in this House, as a member of the Parliament and as a member of the Cabinet.

Whenever he was approached for a work of public interest, he was forthcoming, warm and very nice to speak to interact. Today is a sad day and I join my colleagues and extending heart felt condolences to his family and pray to Almighty Allah that he should rest his soul in peace. Thank you.

Mr. Chairman: Thank you. Leader of the House.

Senator Raja Muhammad Zafar-ul-Haq, Leader of the House

سینیٹر راجہ محمد ظفر الحق (قائد ایوان): بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! اعظم ہوتی صاحب کے وصال کی وجہ سے مجھے بھی باقی ارکان کی طرح بہت افسوس ہے۔ ایک طویل عرصے کی سیاسی زندگی بسر کرنے کے دوران میں سمجھتا ہوں کہ ایک سیاسی کارکن کے لیے یہ ایک بہت بڑا اعزاز ہے کہ انہوں نے جن مقاصد کے لیے ایک سیاسی جماعت کو join کیا، اس کے فلسفے، اس کے political programme اور اس کے ساتھ وابستگی کو ہمیشہ اولیت دی، یہ ایک انتہائی قابل قدر

culture ہے جس کے لیے اعظم ہوتی صاحب کو یاد رکھا جائے گا۔ وہ وفاقی وزیر بھی رہے، قومی اسمبلی کے رکن اور دو مرتبہ سینیٹ کے رکن بھی رہے لیکن ان کے آخری tenure میں افسوس ہے کہ ان کی صحت صحیح نہیں تھی اور وہ سینیٹ کی کارروائی میں مکمل طور پر حصہ بھی نہیں لے سکے۔ میرا ان کے ساتھ telephone پر رابطہ رہتا تھا اور اکثر میں نے جب ان کی صحت کے بارے میں پوچھا تو مجھے اس بات کا اطمینان ہوتا تھا کہ وہ بہت دلیر آدمی ہے اور بیماری کا مقابلہ بڑی ہمت سے کر رہا ہے۔

جناب چیئرمین! جیسے کہا گیا کہ وہ ایک ایسے خاندان سے رشتہ اور تعلق رکھتے تھے جس کا پاکستان بننے سے پہلے اور پاکستان بننے کے بعد عدم تشدد کے راستے کا اپنا ایک فلسفہ تھا۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ اس تحریک کا ایک salient feature ہے جسے سرخ پوش اور خدائی خدمت گار تحریک کہا جاتا ہے۔ یہ درست ہے کہ ایک بڑی تعداد ایسے لوگوں کی بھی ہے جو شاید پاکستان کی تحریک کے دوران یا اس کے بعد ان کے اس فلسفے سے اتفاق کرتی ہو یا نہ کرتی ہو لیکن ان کے character اور مستقل مزاجی کی تعریف ہر سیاسی کارکن اور رہنما کرتا ہے۔

مجھے کئی مرتبہ ولی خان صاحب سے ملاقات کا اتفاق ہوا، جس طرح اس سارے خاندان نے اپنی سیاسی زندگی کی راہ متعین کی اور اس سلسلے میں انہیں جو تکالیف آئیں کہ ان پر Hyderabad Tribunal میں مقدمات بھی بنائے گئے۔ اس کے علاوہ وہ کئی مرتبہ جیل بھی گئے اور قید و بند کی صعوبتیں برداشت کیں، ان کی پارٹی کو ban بھی کیا گیا لیکن وہ NAP کی بجائے ANP کے ذریعے سے اپنی سیاست اور اپنے فلسفے کو آگے بڑھاتے رہے۔ آج ان کی وفات پر مجھے اس وجہ سے افسوس ہوا کہ یہ culture کہ اگر آپ کسی ایمانی کیفیت کے ساتھ، اصولوں کی وجہ سے کسی پارٹی میں داخل ہوتے ہیں، وہاں آپ تکلیفیں برداشت کرتے ہیں like yourself تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ بڑی قابل قدر چیز ہے اور میری دعا ہے کہ پاکستان کی سیاست میں ایسے کارکن پیدا ہوتے رہیں، یہ نہ ہو کہ جو صبح کہیں اور ہیں، شام کو کہیں اور ہیں۔ مجھے یہ بات اس وجہ سے بھی اچھی لگتی ہے کہ جب میں نے 1956 میں graduation کی تو اس وقت سردار عبدالرب نشتر صاحب مسلم لیگ کے صدر تھے۔ میں نے اس وقت سوچ سمجھ کر مسلم لیگ کو join کیا اور اللہ کا یہ کرم ہے کہ پھر میں نے کبھی پیچھے مڑ کر نہیں دیکھا کہ میں اپوزیشن میں چلا گیا ہوں، میں جیل چلا گیا ہوں، مجھے یہ تکلیف ہے، بے شمار ایسے فیصلے ہوئے ہیں جو میری اپنی پارٹی کے اندر میری مرضی کے مطابق نہیں تھے لیکن پارٹی کی بڑی مقدس حیثیت ہوتی

ہے،اس کے ساتھ وابستگی بڑی ضروری اور لازمی ہوتی ہے اور پاکستان کے اندر یہی culture فروغ پانا چاہیے۔ شکریہ۔

Condolence Remarks by the Chairman

جناب چیئرمین: شکریہ۔ چونکہ کوئی اور speaker نہیں ہے تو میں بھی تمام ایوان کی آراء کے ساتھ متفق ہوتے ہوئے یہ کہنا چاہوں گا کہ آج ایک نہایت ہی افسوس ناک دن ہے کہ اعظم ہوتی صاحب کا انتقال ہوا۔ اعظم ہوتی صاحب ایک سیاسی کارکن تھے، وہ ایک نظریاتی کارکن تھے اور انہوں نے اپنی ساری سیاسی زندگی عملی جدوجہد میں، اپنے اصولوں کی خاطر، اپنی پارٹی کے manifesto کی خاطر اور اپنے نظریات کی خاطر وقف کی۔ انہوں نے قید و بند کی صعوبتوں کو برداشت کیا لیکن جیسے راجہ صاحب نے point out کیا کہ کبھی بھی اپنی پارٹی سے وفاداری تبدیل نہیں کی۔ میں بھی Leader of the House کی طرح اس بات کا اعادہ کرتا ہوں اور خواہش مند بھی ہوں کہ پاکستان میں اس قسم کا culture پیدا ہو اور اعظم ہوتی جیسے لوگ پیدا ہوں جو اپنی پارٹی کے ساتھ وابستہ رہیں، چاہے وہ پارٹی سرخرو ہو، چاہے وہ پارٹی مشکل میں ہو لیکن اپنے نظریات، اپنی سوچ اور اپنے اصولوں کو سیاسی بھینٹ نہ چڑھائیں۔ مجھے پورا یقین ہے کہ اے این پی کے اندر یقینی طور پر ایک بہت بڑا خلا پیدا ہوا ہے، میں ویسے تو تمام سینیٹرز کے ساتھ لیکن بالخصوص اے این پی کے ہمارے دوست اور بھائی سینیٹرز جو ایوان میں یا ایوان میں موجود نہیں ہیں، ان کے ساتھ تعزیت کرتا ہوں۔

جیسے پہلے میں نے کہا تھا کہ یہ دو تین چھوٹی سی باتیں آپ کے سامنے رکھ کر آج کی کارروائی کو ان کی یاد میں اور پارلیمانی روایات کو برقرار رکھتے ہوئے adjourn کر دیں گے۔ آج کا تمام business on the Orders of the Day کل کے Orders of the Day پر منتقل ہو جائے گا۔ قائد ایوان راجہ صاحب بیٹھے ہوئے ہیں، سعید غنی صاحب، بلور صاحب، نعمان صاحب، عثمان صاحب، طلحہ محمود صاحب، ڈاکٹر صاحب اور باقی سینیٹرز سے بھی تھوڑی سی آراء لینا چاہتا ہوں۔ میں سب سے پہلے تمام ایوان کا اور تمام سینیٹرز کا شکر گزار ہوں کہ وہ وقت کی پابندی کر رہے ہیں۔ مجھے شروع میں کہا گیا تھا کہ اگر آپ وقت پر جائیں گے تو سوائے آپ کے ہاؤس میں اور کوئی نہیں ہو گا لیکن ماشاء اللہ تقریباً تمام ہاؤس یہاں پر موجود ہے۔ میں تمام ارکان اور وزراء اور مختلف وزارتوں کے

officials کا بھی، جو کل سے یہاں پر تشریف لا رہے ہیں تمام کا شکر گزار ہوں کہ وہ وقت کی پابندی کر رہے ہیں۔

دوسری بات جس پر میں آپ سب کی آراء چاہ رہا ہوں وہ یہ ہے کہ آج کے Orders of the Day اگر آپ نے دیکھے ہوں تو ایجنڈا پر سولہ items ہیں۔ کل بھی ایک heavy Orders of the day ہو گا کیونکہ کل جو بہت سے Rules House Business Committee نے پاس کیے ہیں وہ بھی ہاؤس میں آئیں گے۔ کچھ اور رپورٹس ہیں، CCI Report کی discussion ہے۔ اس لیے کل بھی خاص طویل Orders of the Day ہو گا۔ اس لیے میری اور سیکرٹریٹ کی رائے تھی جس میں، میں نے راجہ صاحب کو confidence میں لیا۔ اب اگر آپ کی آراء ہوں تو ہم اس کے مطابق چلیں۔ وہ یہ ہے کل اگر آپ چاہیں تو ہم ہاؤس کو ساڑھے دس یا گیارہ بجے شروع کریں اور پورا business خاصا طویل ہو گا۔ اس لیے ہم دوپہر کے وقت ظہر کی نماز بھی پڑھ لیں اور ایک working lunch بھی ہو جائے۔ اس کے بعد پینتالیس منٹ کے بعد ہم دوبارہ ہاؤس میں آکر اپنا business transact کر لیں۔ اگر آپ سب کی آراء اس کے مطابق ہوں تو پھر ہم ہاؤس کو اسی طرح ملتوی کریں اور Orders of the Day بنائیں۔ جی راجہ صاحب۔

سینیٹر راجہ محمد ظفر الحق: جناب چیئر مین! یہ بڑی خوش آئند بات ہے کہ آج جو یہ اجلاس شروع ہوا ہے اس میں جتنا بھی business تھا، وہ آپ نے مکمل کیا ہے اور سارے items ختم ہونے کے بعد ہی اجلاس ملتوی ہوا ہے۔ اس میں ارکان نے تعاون کیا ہے اور انہوں نے اپنی تقاریر کو بھی حدود کے اندر رکھا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اگر یہ روایت برقرار رہے اور روایات اسی طرح بنتی ہیں اور اس سے ادارے کی عزت میں بھی اضافہ ہوتا ہے۔ گزارش ہے کہ آج کا Orders of the Day کل پر رکھ لیں اور کل کا بھی اگر موجود رہے اور درمیان میں جیسا کہ آپ نے کہا ہے پینتالیس منٹ کا وقفہ ہو جائے اور پھر دوبارہ شروع کر لیں کیونکہ Member of the Parliament and Senate کا اصل business, یہی ہے کہ وہ قانون سازی کریں اور اپنے فرائض سرانجام دیں۔ اسی میں ادارے کی عزت اور ہماری انفرادی عزت بھی ہے، میں اس سے اتفاق کرتا ہوں۔

جناب چیئر مین: سعید غنی صاحب۔

سینیٹر سعید غنی: جناب! آپ جو کہہ رہے ہیں کہ گیارہ یا ساڑھے دس بجے شروع کرلیں۔ میری تجویز یہ ہے کہ اس کو ذرا پہلے کرلیں جیسا کہ ہم سوا دس بجے شروع کرتے ہیں تاکہ ہمیں اجلاس کے لیے زیادہ وقت مل جائے اور ہم agenda پر جو business ہو اس کو مکمل کرسکیں۔ پھر دوسرے half کے لیے آپ کے پاس business کم ہو گا۔

جناب چیئرمین: نعمان وزیر صاحب۔

سینیٹر نعمان وزیر: شکریہ۔ جناب چیئرمین! میں سعید غنی صاحب کی بات سے متفق ہوں کہ ہم دس بجے شروع کرلیں because we should be a role model for the whole nation. یہ کہنا کہ دو گھنٹے، تین گھنٹے کام کرنا ہے میرے خیال میں یہ مناسب نہیں ہے۔ اگر ہم عوام سے آٹھ گھنٹے کام مانگتے ہیں تو یہاں کم از کم کچھ تو اس کے قریب ہوں۔ جیسا کہ آپ نے یہ start کیا ہے we have a lot of respect and we think that this is a sort of role model, we should set for the whole nation. اس لیے ہم صبح دس بجے شروع کریں اور اس کو جاری رکھیں جب تک اپنا کام ختم نہ کرلیں۔ دو گھنٹے نہیں بلکہ چار، پانچ یا چھ گھنٹے تک بھی جاری رکھیں۔

As far as I am concerned, my party is concerned, my Senators are concerned we are totally agree with you, as long as you want to do it.

Mr. Chairman: Thank you, Ilyas Bilour *sahib*.

Senator Ilyas Ahmad Bilour: Thank you. I totally agree with Raja *sahib* and Nauman *sahib* that our job is to work here. We are elected for this purpose and we should make laws and should not go to our homes after two hours or three hours and take rest. I think we should start at ten and one thing I request is that instead of about 45 minutes break, it should be one hour. After a break of one hour we can continue till, five, till nine, till ten, as much as we can and we have to finish the agenda of both the days.

Secondly, I want to say that I specially and may be ANP Senators might go on Friday because *there will be Qul* over there. We would not be available here on Friday but

tomorrow we will be available here and you can continue the Session till any point of time you want, we will be with you. Thank you.

جناب چیئرمین: پھر میں یہ سمجھ لوں کہ قائد ایوان اور پارلیمانی لیڈران نے جو کہا ہے وہ پورے ہاؤس کی رائے ہے۔ شکریہ۔ اس سے پہلے کہ میں ہاؤس کو ملتوی کروں صرف دو باتیں کرنا چاہوں گا۔ کل مجھے اس بات کا علم ہوا تھا، میں نے Senate Secretariat کو بھی direct کیا تھا اور مجھے پتا نہیں کہ وہ directions پہنچیں ہیں یا نہیں۔ کل کچھ وزارتوں کے Joint Secretaries and above جو اجلاس میں تشریف لائے تھے وہ اوپر والی گیلری میں بیٹھے ہوئے تھے۔ میں نے یہ direct کیا تھا کہ وہ نیچے والی گیلریوں میں تشریف فرما ہوں۔ اگر آج بھی کوئی افسران اوپر بیٹھے ہوئے ہیں تو میں ان سے request کرتا ہوں کہ Joint Secretaries and above نیچے والی گیلریوں میں بیٹھیں۔ میں یہ بھی کوشش کروں گا کہ جو maximum officials آتے ہیں، وہ اگر نیچے کی گیلری میں موجود ہوں تو اس سے وزراء صاحبان کے لیے آسانی ہو گی کیونکہ اگر وہ House business کے سلسلے میں ان سے consult کرنا چاہیں تو بجائے اس کے کہ وہ ان کو اوپر سے بلائیں، وہ ان lobbies کے اندر ان سے consult کر سکتے ہیں لیکن for the time being J.S and above should kindly sit in these lobbies on my right hand side. Very quickly last thing وہ سینیٹر حضرات جو میرے ساتھ German delegation سے مل رہے تھے، میں ان کی اطلاع کے لیے عرض کرنا چاہتا ہوں کہ میں اور کچھ اور پارلیمانی لیڈران نماز جنازہ کے لیے مردان جا رہے ہیں لہٰذا وہ میٹنگ جو جرمن وفد کے ساتھ پونے ایک بجے تھی وہ ملتوی ہو گئی ہے۔

The House stands adjourned to meet again on Thursday, the 16th April, 2015 at 10:15 am.

[The House was then adjourned to meet again on Thursday, the 16th April, 2015 at 10:15 am]

Index

Senator Col. (R) Syed Tahir Hussain Mashhadi 4
Senator Farhatullah Babar 5
Senator Ilyas Ahmad Bilour... 3, 15
Senator Lt. Gen. (R) Salahuddin Tirmizi....................................... 11
Senator Syed Muzafar Hussain Shah... 9
جناب اکرم خان درانی 9
سینیٹر احمد حسن 6
سینیٹر اقبال ظفر جھگڑا 2
بلور سینیٹر الیاس احمد 3
سینیٹر خوش بخت شجاعت 8
سینیٹر راجہ محمد ظفر الحق 11
سینیٹر سعید غنی 15
سینیٹر نعمان وزیر 15